ایجوکیشنل سیریز

ویکسین کے بارے میں سچ اور جھوٹ جانیں۔ (2)

کووڈ-19 کیسسز کے بڑھنے کے ساتھ، تقسیم کی جانے والی نئی دستیاب شدہ ویکسین سے متعلق سوالات بھی اپنے عروج پر ہیں۔
CASSA کی کووڈ-19 ویکسین ایجوکیشن سیریز کا مقصد ان سوالات کے جواب دینا ہے۔
وہم: مجھے شدید پیچیدگیوں کا خطرہ نہیں ہے لہذا مجھے ویکسین کی ضرورت نہیں ہے۔
حقیقت: اگرچہ آپ کو کوئی خطرہ نہیں ہے، آپ پھر بھی دوسروں کو متاثر کر سکتے ہیں، لہذا یہ ویکسین لینا ضروری ہے۔ ایک بار جب ویکسین وسیع پیمانے پر دستیاب ہو جائے تو، اہل عمر کے افراد کو یہ ویکسین ضرور وصول کرنی چاہئے۔ ہمیں اپنی، اپنی فیملی اور اپنی برادری کی بھی حفاظت کرنی چاہئے۔

وہم: آپ کو ویکسین کی دوسری خوراک کی ضرورت نہیں ہے۔
حقیقت: ہاں آپ کو ضرورت ہے! کلینیکل ٹرائلز کے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ مضبوط مدافعتی ردعمل کو حاصل کرنے کے لئے دونوں خوراکوں کی ضرورت ہے۔

وہم: ویکسین مجھے طویل مدتی ضمنی اثرات دے سکتی ہے۔
حقیقت: یہ سچ نہیں ہے۔ زیادہ تر ضمنی اثرات، اگر کوئی ہیں تو، عام طور پر ویکسین وصول کرنے کے چند دن کے اندر ہی دیکھے جاتے ہیں اور بغیر کسی مسئلے کے حل ہو جاتے ہیں (مثال کے طور پر الرجک ردعمل)۔ کچھ ضمنی اثرات (جیسے بخار، سردی لگنا یا پٹھوں میں درد وغیرہ) جو دکھائی دیتے ہیں وہ کسی شخص کے مدافعتی ردعمل کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ ویکسین ملنے کے بعد یہ معمول کی بات ہے۔ 3 دن سے زیادہ دیر تک رہنے ضمنی اثرات کی اطلاع ڈاکٹر یا ہیلتھ کیئر پریکٹیشنر کو دی جانی چاہئے۔

وہم: ایسے افراد جن کو پہلے ہی کووڈ-19 ہو یا پہلے ہی ہو چکا ہو، انہیں ویکسین لینے کی ضرورت نہیں ہے۔
حقیقت: یہ سچ نہیں ہے۔ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ جن لوگوں میں پہلے ہی کووڈ موجود تھا وہ اب بھی ویکسین لیں۔ کچھ لوگوں کو شاید یہ بھی معلوم نہ ہو کہ انہیں یہ بیماری لاحق ہو گئی ہے۔ اس ویکسین سے تحفظ میں اضافہ ہوتا ہے۔
ایک بار صحت یاب ہو جانے کے بعد، جب آپ وائرس پھیلانے کی وجہ نہیں ہوسکتے، اور آپ کا قرنطینہ ختم ہو گیا ہے، آپ اپنی ویکسین لے سکتے ہیں۔